## TED HARRISON SCHOOL COUNCIL

**What is School Council:** A platform for parents and community members to participate in discussions to effectively support and enhance student learning at Ted Harrison School. The school council is designed to advise the principal and the CBE Board of Trustees on matters relating to the school. Under the School Act Alberta, the School councils have legislated advisory and decision-making authority.

**Why actively participate in the School Council:** By actively participating in school council meetings and its activities, you will not only take part in the development of your own child but can also play in growth of other children. It is a good opportunity to meet other parents and develop social connections. The membership to the School Council is free.

**Who can become a Member of the School Council:** The parents/guardians of the students currently studying at Ted Harrison School can become members of the School Council. At the beginning of a school calendar year, parents' representatives for the school council are elected. The elected members convey parents' feedback and views to the principal and the CBE Board of Trustees on important school matters. The School Council consists of school principal, elected parents, a teachers' representative and community member/s who work together to provide advice to the Principal and the CBE Board for matters concerning students' growth and community development.

**School Council Meetings:** During a school calendar, the School Council meets once a month at a designated time, usually 6:30 pm, at the Ted Harrison School Library, and the meetings are open to all parents/guardians of the students currently studying at Ted Harrison School.

For more information, check the link [http://school.cbe.ab.ca/school/tedharrison/get-involved/school-council/pages/default.aspx](http://school.cbe.ab.ca/school/tedharrison/get-involved/school-council/pages/default.aspx) or

**Email** at thsschoolcouncil@gmail.com

## ٹیڈ ہیریسن سکول کونسل

**(Ted Harrison School Council)-Urdu**

### سکول کونسل کیا ہے؟

سکول کونسل والدین/ سر پرستگان اوراہلِ علاقہ کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے وہ طلباء وطالبات کی سکول میں ہونے والی پڑھائی سے متعلق نہ صرف باخبر رہ سکتے ہیں بلکہ بچوں کی پڑھائی کو مزید بہتر بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔سکول ایکٹ البرٹا کے تحت، سکول کونسل کے پاس، پرنسپل اور کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن کے بورڈ آف ٹرسٹیز( CBE Boar of Trustees )کو مشاورت دینے اور فیصلہ سازی کا قانونی اختیار حاصل ہے۔

**سکول کونسل میں عملی حصہ کیوں لینا چاہیے؟** سکول کونسل کا ممبر بن کر اوراس کے اجلاس میں عملی حصہ لے کر آپ نہ صرف اپنے بچے/ بچوں کی بہتر نشوونما میں اپنا کردار ادا کر سکتے/سکتی ہیں بلکہ دوسرے بچوں کی بہتری میں بھی حصہ لے سکتے/سکتی ہیں۔کونسل میں حصہ لے کر آپ سکول میں پڑھنے والے دوسرے بچوں کے والدین/ سر پرستگان سے سماجی رابطے بڑھا سکتے ہیں۔سکول کونسل کا ممبر بننے کی کوئی فیس نہیں ہے۔

**کون ٹیڈ ہیریسن سکول کونسل کا ممبر بن سکتا/سکتی ہے؟** سکول کیلنڈر کے دوران ٹیڈ ہیریسن سکول میں پڑھنے والے تمام طلباء وطالبات کے والدین/ سر پرستگان سکول کونسل کے ممبران بن سکتے ہیں۔سال کے شروع میں والدین/ سر پرستگان کے نمائندے چُنے جاتے ہیں۔ یہ نمائندے سکول کونسل کے ذریعے سکول میں ہونے والے فیصلوں کے بارے میں پرنسپل اور CBE Boar of Trustees کو والدین کے نقطہ نظر سے آگاہ کرتے ہیں۔

عام طور پر سکول کونسل پرنسپل، منتخب والدین/ سر پرستگان، اساتذہ کا نمائندہ اوراہل علاقہ میں سے ایک یا زائد نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہے۔تمام ممبران مل جُل کر بچوں کی بہتر نشوونما، اوراہل علاقہ کی بہتری کے لئے ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔

**سکول کونسل کا اجلاس (میٹنگ):** سکول کونسل کی میٹنگ سکول کیلنڈر کے دوران ہر مہینہ، سکول کی لائبریری میں عموماً شام 6:30 بجے ہوتی ہے جس میں ٹیڈ ہیریسن سکول میں پڑھنے والے تمام بچوں کے والدین/ سر پرستگان شامل ہو سکتے ہیں۔

**مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل لنک کا جائزہ لیں**

http://school.cbe.ab.ca/school/tedharrison/get-involved/school-council/pages/default.aspx

یا اس **ای میل** پر رابطہ کریں: thsschoolcouncil@gmail.com